# تمام مقدسین کی عید

مکاشفہ 7:2-4,9-14

زبور 23

1 یوحنا 3:1-3 یا متی 5:1-12

## مبارک ہیں وہ جو رحم دل ہیں کیونکہ ان پر رحم کیا جائے گا۔ متی 5:7

مبارک ہیں وہ جو رحمدل ہیں۔ میں ہر روز رحمدلی کا طلبگار رہوں میں اسے کہاں پاؤں؟ اگر میں دوسروں کے حق میں رحمدل ہوں تو مجھے اس کی کمی نہ ہوگی۔ مقدسین فرشتوں کے ساتھ خدا کی تمجید کرتے ہوئے ہمیں درس دیتے ہیں کہ رحم دل بنیں۔ مقدسین بھی گنہگار تھے جنہیں معاف کیا گیا انہوں نے خدا کے رحم کو حاصل کیا کیونکہ وہ خود کئی طریقوں سے رحم کرتے تھے۔

# مرحوم ایمانداروں کا یوم یادگار

1۔ ماس ایوب 19:1,23-27 زبور 26 رومیوں 5:5-11 یوحنا 6:37-40

2۔ ماس اشعیا 25:6,6-9 زبور 24 رومیوں 8:14-23 متی 25:31-46

3۔ ماس حکمت 3:1-9 زبور 41 اعمال 21:1-5,6-7 متی 5:1-12

## جو میرے پاس آتا ہے میں اسے ہرگز نکال نہ دوں گا۔ یوحنا 6:37

جو بھی یسوع کے پاس جاتا ہے اسے کسی قسم کا خطرہ نہیں کیونکہ یہ وہی ہے جس نے ہم سے وعدہ کیا۔ آج ہم اس کی طرف ان لوگوں کو لے جاتے ہیں جنہیں ہم پیار کرتے ہیں۔ وہ جو ہمارے حق میں صابر تھے اور ہم ان کے حق میں۔ اگر یسوع ہمیں رد نہیں کرتا تو وہ بھی رد نہیں کیئے جائینگے۔

# مقدس مارٹن دی پورس

فلپیوں 3:3-8

زبور 104

## مقدس لوقا 15:1-10

## ایک تائب گنہگار کے باعث خدا کے فرشتوں کے سامنے خوشی ہوتی ہے۔

## مقدس لوقا 15:10

فرشتوں کی شادمانی خدا باپ کی شادمانی کا ایک حصہ ہے۔ وہ خوش ہوتا ہے جب وہ دیکھتا ہے کہ ہم اس کی طرف لوٹتے ہیں اور اس کا روشن چہرہ دیکھتے ہیں۔ وہ خوش ہے کیونکہ ہم اس کی حضوری میں ہیں آج ہی میری کوشش ہوگی کہ میں اپنے آپ میں تبدیلی لاؤں اپنی مرضی کی بجائے خدا کی مرضی بجالاؤں۔ فرشتے بھی خدا کی خوشی میں شامل ہو کر شادمانی کریں گے۔

## مقدس چارلس برومیو بشپ

فلپیوں 1:4,17:3 زبور 121

### مقدس لوقا 16:1-8

### ہماراوطن آسمان پر ہے۔ فلپیوں 20:3

مقدس پولوس ہماری رہنمائی کرنا چاہتا ہے۔ کہ ہم یسوع کے کہنے کے مطابق زندگی بسر کریں۔ اکثر دفعہ وہ یسوع کی بادشاہی سے متعلق کہتا ہے ہماری زندگی کی رہنمائی یسوع کے ذریعہ سے ہوتی ہے۔ وہ ایک بادشاہی کے بادشاہ کی حیثیت سے بھیجا گیا ہے۔ دنیاوی بادشاہت ہمیں اپنے دباؤ میں نہیں رکھ سکتی ہم ایک مختلف بادشاہت کے لیے بنائے گئے ہیں جہاں ہر قانون صرف محبت کا ہے۔

فلپیوں 4:10-19 زبور 111

مقدس لوقا 16:9-15

## میرا خدا تمہاری ہر ضرورت کو پورا کرے گا۔فلپیوں 4:19

مقدس پولوس فیلپیوں سے بے تکلفی سے پیش آتا ہے انہوں نے مقدس پولوس کی ہر طرح سے مدد کی انہوں نے دنیاوی مالیت سے کنارہ کر کے خیراتی زندگی کو اپنایا۔اس سے انہوں نے ظاہر کیا کہ خدا کے لیے زندگی وقف کرنا کیا معنی رکھتا ہے۔خدا اپنی شفقت سے ان پر ظاہر کرے گا کہ باپ ہونا کیا معنی رکھتا ہے۔

2۔مکابین 7:1-2,9-14
زبور 16

2۔تسالونیکیوں 2:16-3:5
لوقا 20:27-38

**وہ مردوں کا خدا نہیں بلکہ زندوں کا خدا ہے۔ لوقا 20:38**

ہم نے صدوقیوں کے جو آئندہ زندگی پر ایمان نہیں رکھتے اُن کو بحث مباحثہ کرتے دیکھا اور سُنا ہے۔وہ اُن کی طرح ہیں جو کہتے ہیں کہ جب میں مرجاؤں گا سب کچھ ختم ہو جائے گا یسوع انہیں سبق دیتا ہے کہ خدا نے اپنے آپ کو ظاہر کیا کہ وہ مردوں کا خدا نہیں بلکہ زندوں کا خدا ہے۔ابراہیم کا خدا کہتے ہوئے یہ نہیں کہا جاتا کہ وہ ابراہیم کی ہڈیوں کے ڈھیر کا خدا ہے۔

# پروسدوسیمس بشپ

طیطس 1:1-9 زبور 23

## مقدس لوقا 17 :1-6

## خبردار رہو ! لوقا 17 :3

یسوع مسیح ہمیں تاکید کرتا ہے نہ صرف برائی سے بچنے کے لیے بلکہ اس لیے کہ ہم دوسروں کے لیے ٹھوکر کا باعث نہ بنیں۔اس نے ایک امیر اور غریب لعزر کی تمثیل پیش کی۔ہم دوسروں کے لیے ٹھوکر کا باعث بنتے ہیں جب ہم ایک غریب کی نسبت امیر کو ترجیح دیتے ہیں۔

طیطس 2:1-8,11-14
زبور 36

## مقدس لوقا 17:7-10

## تم بھی کہو کہ ہم نکمے غلام ہیں۔ مقدس لوقا 17:10

ایک نوکر فضول نہیں لیکن اگر وہ شیخی بگھارتا ہے تو قابل اعتماد نہیں۔ خدا کے سامنے ہم اس کے فرزند ہیں نوکر نہیں ۔ اگر ہم خدا کو باپ کی طرح پیار نہیں کرتے تو ہماری خدمت بے معنی ہے۔

# مقدس یوحنا لاطران باسیلیکا کی تقدیس

حزقیال 47:1-2،8-9،12 یا 1 قرنتیوں 3:9-13،16-17

زبور 45 یوحنا 2:13-22

**جانو کہ تم خدا کی ہیکل ہو اور روح خدا تم میں ساکن ہے۔ 1 قرنتیوں 3:16**

آج ہم پاک ماں کاتھولک کلیسیاء کے ساتھ مل کر مقدس یوحنا لاطران باسیلیکا کی تقدیس کیتھیڈرل کی عید مناتے ہیں۔ عمارت جو پتھر سے بنی ہے ہمیں موقع مہیا کرتی ہے کہ ہم خوشی سے یاد کریں کہ خدا پتھروں میں نہیں بلکہ گوشت پوست سے بنے ہوئے دلوں میں سکونت کرتا ہے۔ ہم انسان خدا کی سکونت ہیں خدا یہ چاہتا ہے کہ ہم سب کی زندگیوں سے ظاہر ہو خدا محبت ہے۔ اُس محبت کا شکریہ جس میں ہم جیتے ہیں۔

# مقدس دی لیور پاپائے اعظم (ڈاکٹر، معلم)

فلیمون 20:7 زبور 145

## مقدس لوقا 17:20-25

## لیکن پہلے ضرور ہے کہ وہ بہت سے دکھ اٹھائے۔ مقدس لوقا 25:17

یسوع خداوند کی بادشاہت سے متعلق فرماتے ہیں۔ حکومت جو عام طور پر دنیاداری سمجھی جاتی ہے حقیقت میں اس سے مختلف ہے۔

خداوند کی بادشاہی میں بادشاہ حوصلہ افزائی اور سہولتیں نہیں چاہتا بلکہ خود انکاری اور دکھ برداشت کرنے والا بادشاہ ہے جو اپنے رسولوں اور پیروکاروں کو بھی متحرک رکھتا ہے۔

# ٹورز کا مقدس مارٹن، بشپ

2 یوحنا 1:4-9 زبور 118

## مقدس لوقا 17:26-37

## محبت میں چلو۔ 2 یوحنا 1:6

مقدس یوحنا اُن لوگوں کو ترغیب دیتا ہے جو سچائی پر عمل کرتے ہیں جنہوں نے یسوع کو جانا اس کے بھیدوں کا گہرا مطالعہ کیا۔ انہیں یہ بھولنا نہیں کہ وہ خدا کا پیار ہے جو وہ انسانوں سے کرتا ہے۔ وہ صرف پیار و محبت سے دنیا میں اسکی گواہی دینگے۔

## مقدس جوزفات بشپ اور شہید

3-از یوحنا 5-8 | زبور 111

### مقدس لوقا 18:1-8

### یسوع نے ان سے تمثیل کہی کہ ہر وقت دعا کرتے رہنا اور ہمت نہ ہارنا۔

### مقدس لوقا 18:1

یسوع نے دعا کرنے کی ضرورت سے متعلق ایک تمثیل پیش کی ۔دعا کرنے کی ضرورت کے کیا معنی ہیں۔دعا ایک التجا ہے جس طرح ایک مدعی کی دکھ بھری التجا منصف کے سامنے پیش کی جاتی ہے تا کہ مثبت حل نکالا جائے۔البتہ خدا خوش ہوتا ہے جب وہ دیکھتا ہے کہ ہم اس کے سامنے اتنا جھکتے ہیں کہ اسکی محبت میں ڈھل جائیں۔ ہمیشہ دعا کرنے کا مطلب ہے کہ ہم اپنے آپ کو اس کی بانہوں میں ڈال دیں۔

**ملاکی 3:19-20** **زبور 97**

**تسالونیکیوں 3:7-12** **مقدس لوقا 21:5-19**

## اپنے صبر سے اپنی جانیں بچائے رکھو گے۔ مقدس لوقا 21-19

یسوع اپنے شاگردوں کو کچھ آخری ہدایات دیتا ہے جو سننے میں سخت ہیں۔ یہ کہ ان کا ہمیشہ ایسے لوگوں سے واسطہ پڑیگا جو ان کو دھوکہ دینے والے ہیں۔اس لیے انہیں ہمیشہ خبردار رہنا ہے۔زندگی صلیب کی موجودگی کے بغیر حقیقی زندگی نہیں کیونکہ وہ استاد، حقیقی خدا ،لوگوں کی نفرت کی صلیب اپنے کندھوں پر رکھے ہوئے ہے۔

اعمال 1:1-4،2:1-5 زبور 1

## مقدس لوقا 18:35-43

### اور سب لوگوں نے دیکھ کر خدا کی حمد کی۔ مقدس لوقا 18-43

لوگ کیا دیکھتے ہیں؟ ایک نابینا جس کو یسوع کے پاس جانے کے لیے دوسروں کے سہارے کی ضرورت نہ تھی۔ وہ نابینا بھکاری بغیر کسی ڈر کے پکارتا ہے۔ اگرچہ یہ خوف تھا کہ اس کے ایمان کی خاطر اُس سے سختی سے نپٹا جائیگا۔ البتہ اُس کی جرات خدا کی ستائش کے لیے ہمارا منہ کھولتی ہے۔

# مقدس البرٹ اعظم بشپ اور ڈاکٹر

مکاشفہ 3:1-6-14-22 زبور 14

## مقدس لوقا 19:1-10

## میں اپنی آدھی ملکیت غریبوں کو دونگا۔ مقدس لوقا 19-8

یہ کیسا بڑا فیصلہ ہے کیا یہ معجزہ نہیں کہ ایک امیر شخص غریب بننے کا فیصلہ کرتا ہے۔ کس نے اسے یہ قدم اٹھانے کے لیے اکسایا؟ صرف ایک پیار کی ادا نے۔ یسوع نے اس پر اعتماد کیا جب اس نے کہا کیا حقیقت میں مجھے دیکھنا چاہتے ہو؟ تو میں تمہارے گھر آؤ نگا۔ میں آؤ نگا اور تمہارے ساتھ کھانا کھاؤ نگا۔ اس طرح زکائی نے لالچ کی شیطانی روح سے اپنے آپ کو آزاد پایا اور اپنے اور اپنے گھرانے کے لئے خدا کی نجات حاصل کی۔

## ماگریٹ آف سکاٹ لینڈ، گیرٹروٹ کنواری

مکاشفہ 4:1۔11 زبور 150

### مقدس لوقا 11:19-18

### میرے واپس آنے تک لین دین کرو۔لوقا 13:19

اے یسوع اگر تو ابھی آ جائے تو میں نہیں جانتا کہ میرے پاس نیکی کا کوئی پھل ہو گا جو میں تجھے پیش کر سکوں۔مگر میری خواہش ہے کہ میں نئے سرے سے اپنی زندگی شروع کروں اور ازسرنو اپنی مرضی سے سب کچھ کرنے کو تیار ہو جاؤں۔کیونکہ پیار سے کیا ہوا کام محبت، امن،اور معافی جیسا پھل لائے گا۔

ہنگری کی مقدس الزبتھ کنواری کے باسیلقوں کی تقدیس کی عید

مکاشفہ 5:1-10 زبور 149

## لوقا 19:41۔ 44

## جب اس نے شہر کو دیکھا وہ اس پر رویا۔لوقا 19-41

یسوع کا پیار انسانی ذات کے لیے وفاداری سے جاری ہے۔اگرچہ وہ کئی بار خدا سے انکاری ہیں ۔لیکن اُس کا پدرانہ و مادرانہ دل ان کی سخت دلی سے دکھی ہوتا ہے۔وہ اپنی بربادی کے خود ذمہ دار ہیں۔مگر پیارے یسوع میں اپنی زندگی سے تجھے تسلی دینا چاہتا ہوں۔

# مقدس پطرس اور پولوس

مکاشفہ 10:8-11 زبور 118

## لوقا 19:45-48

## میرا گھر دعا کا گھر ہوگا۔لوقا 19:46

ہمارے کیتھیڈرل کی عید ہے ہم اپنے بشپ کے گرد جمع ہو کر اُس کے لیے اور کلیسیا کے اتحاد کے لیے دعا کریں۔کیتھیڈرل صرف چرچ نہیں بلکہ ساری کیمونٹی کے لئے دعا کا گھر ہے۔اس لیے میری دعا اور کوشش ہے کہ میری روح خدا باپ، بیٹے اور یسوع مسیح سے معمور ہو۔

مکاشفہ 12-4:11 زبور 143

## مقدس لوقا 40-27:20

## مُردوں کے بارے موسیٰ نے بھی ذکر کیا۔ مقدس لوقا 37:20

موسیٰ نے یقینی طور پر کہا کہ زندہ خدا جو اُس سے ہمکلام ہوا اس نے میری زندگی کو بدل ڈالا ہے۔ اس نے اپنا نام زندہ ابراہیم کے زندہ خدا سے ظاہر کیا۔ اگر ابراہیم صرف ایک مٹھ ہڈیوں کا ڈھانچہ ہوتا تو وہ کس قسم کا زندہ خدا ہو سکتا ہے۔ اگر خدا زندہ خدا ہے۔ تو ابراہیم بھی زندہ ہے۔ وہ ایسی زندگی جی رہا ہے۔ جو ہماری عقل سے بعید ہے۔ ہم اسے یسوع کا جی اٹھنا کہتے ہیں۔

# یسوع بادشاہ کی عید

2 سیموئیل 5:1-3
زبور 121

کلسیوں 1:12-20
لوقا 23:35-43

## یسوع مجھے یاد رکھنا۔لوقا 23:42

یہ الفاظ ایک گنہگار کے ہیں جو صلیب پر مرنے کو ہے۔یسوع بھی مرنے کو تیار ہے۔گنہگار کو پورا یقین ہے کہ وہ جی اٹھے گا اس کی حیثیت نئی بادشاہی میں ایک بادشاہ کی مانند ہوگی۔

میں اپنے ایمان کا اقرار کرتا ہوں کہ یسوع بادشاہ ہے اور ہمیشہ بادشاہی کرے گا۔اس لیے میں اس کی تابعداری کرونگا چاہے کتنی تضحیک اٹھانی پڑے۔

# مقدسہ مریم کا ہیکل میں نذر کیا جانا

مکاشفہ 1:14-3,4-5 زبور23

مقدس لوقا21:1-4

**اس کنگال عورت بیوہ نے سب سے زیادہ ڈالا ہے۔ لوقا 3:21**

بیوہ نے سب سے زیادہ ڈالا۔دوسرں نے سونا چاندی اور دولت کا ایک حصہ ڈالا۔مگر عورت نے جو ڈالا پیار و ایمان سے ڈالا۔وہ اپنی اس ادا سے ظاہر کرتی ہے کہ خدا سچا اور قابل اعتماد ہے۔وہ غریبوں کو پیار کرتا اور اُن کی ضروریاتِ زندگی کو پورا کرتا ہے۔

# مقدسہ سسیلیا کنواری

مکاشفہ 14:14-19

زبور 95

لوقا 21:5-11

**خبردار کوئی تمہیں گمراہ نہ کرے۔ لوقا 21:8**

جب میں دنیاوی چیزوں سے لطف اندوز ہوتا ہوں تو میں اُس عظیم خوبصورت حقیقت یعنی خدا کی حضوری سے اوجھل ہو جاتا ہوں۔ جب مجھے دنیا کی آخرت سے مطلع کیا جاتا ہے تو میں یسوع کی آواز سننے کے لیے چوکنا نہیں ہوتا۔ یسوع مجھے بلاتا ہے کہ میں ذمہ داری اور امن سے حالیہ وقت کا ہر لمحہ گزاروں۔

## مقدس کلیمنٹ پوپ اور شہید

مکاشفہ 15:1-4 | زبور 97

مقدس لوقا 21:12-19

## ان باتوں سے اشارہ کیا کہ وہ کس طرح کی موت سے خدا کا جلال ظاہر کرے گا۔

مقدس لوقا 21:19

یسوع اپنے پیروکاروں سے ایذا رسانی کی پیشنگوئی کرتا ہے۔ جو کوئی اس کی پیروی کرتا ہے وہ اس کی خدمت بھی کرتا ہے۔اس کے وفادار ہونا حقیقت میں اس کے لیے دکھ سہنا ہے۔ وہ جو امن ونجات کا ذریعہ ہے اس کی گواہی دینی ہے۔ روح پاک تیری مدد کا شکریہ۔

# مقدس اینڈریو کاہن اور ساتھی

مکاشفہ 18:1-2,21-23,19:1-3,9 زبور 99

## مقدس لوقا 21:20-28

## نجات جلال اور قدرت ہمارے خدا کی ہے۔ مکاشفہ 19:1

آسمان پر ایک بڑا گروہ ہے جو گیت گاتا ہے میں بھی اپنی آواز اُس کے ساتھ ملانا چاہتا ہوں۔ خدا کا ہر عمل میری زندگی میں دنیاوی برائیوں سے پاک کرنے والا عمل ہے۔ گناہ دنیاوی برائی ہے جو ہمیں غلط راستہ پر ڈال دیتی ہے اور خدا کے پیار میں روکاوٹ بنتی ہے۔ خدا نے یسوع کو بھیجا کہ وہ ہمیں صلیب اپنے جی اٹھنے کے وسیلے سے بچائے۔

# مقدسہ کیتھرین آف سکندریا کنواری

مکاشفہ 20:1-4,11,21:2 زبور 83

## لوقا 21:29-33

**اور مردوں کا انصاف ان کے اعمال کے مطابق کیا گیا۔ مکاشفہ 20:12**

مکاشفہ کی کتاب عجیب سی کتاب ہے جسے پڑھنے سے لوگ ہچکچاتے ہیں۔لیکن یہ ایمانداروں کی تسلی اور خوشی کے لیے لکھی گئی ہے۔ہمیں اپنے اعمالوں کے مطابق انصاف ملے گا۔ہمارے کونسے اعمال ہیں جو خدا منصف کی حیثیت سے دیکھتا ہے۔وہ یہ دیکھتا ہے کہ ہم نے یسوع اور اپنے بھائیوں کو کتنا پیار کیا ہے اور کیا ہم نے یسوع کی صلیب اٹھائی ہے؟ آئیں ہم اسکا انصاف پانے کے لیے خوشی سے اس کے پاس جائیں۔

مکاشفہ 22:1-7
زبور 94

## مقدس لوقا 21:34-36

### اس واسطے جاگتے رہو اور ہر وقت دعا کرتے رہو۔ لوقا 21:36

یسوع نے کہا کہ دنیا سے ناطہ رکھنا کتنا خطرناک ہے کیونکہ آسمان اور زمین تو جاتے رہینگے لیکن ایک مسیحی کیسے غیر یقینی حالت میں رہ سکتا ہے۔ اسے بڑا محتاط رہنا ہے ایسا نہ ہو کہ وہ دلفریب چیزوں کے جال میں جکڑا جائے۔ اس کے لیے دعا ہی ایسی کنجی ہے جو مددگار ثابت ہوسکتی ہے۔ اور ہم یسوع کی طرف راغب ہوسکتے ہیں۔

اشعیا 2:1-5

زبور 121

رومیوں 13:11-14

متی 24:37-44

**تمہیں بھی تیار رہنا ہے۔ متی 24:44**

مسیح استاد کو ملنے کے لیے پیار سے تیار رہو۔ استاد مجھے ذمہ داری دیتے ہوئے مجھ پر اپنا اعتماد ظاہر کرتا ہے میں اُسکا انتظار کئے بغیر اپنی وفاداری دکھانا چاہتا ہوں۔

اشعیا 4:2-6 زبور 121

مقدس متی 8:5-11

## میں آؤں گا اور اسے اچھا کروں گا۔ مقدس متی 8:7

یسوع رومن صوبہ دار کی منت کو پورا کرتا ہے، مگر مسئلہ کھڑا ہو جاتا ہے۔ کیونکہ یسوع یہودی ہے اور صوبہ دار غیر مذہب۔ یہودی غیر مذہب کے لوگوں کے گھر قدم نہیں رکھتے۔ مسئلہ کا حل صوبہ دار کے ایمان میں ہے جو کہتا ہے کہ "تو صرف کہہ دے" یسوع کے الفاظ دیواروں کے پار بھی اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ میں یسوع کے پُر اثر الفاظ کو اپناؤں گا۔

اشعیا 11:1-10

زبور 71

## مقدس لوقا 10:21-24

## مبارک ہیں وہ آنکھیں جو یہ دیکھتی ہیں جنہیں تم دیکھتے ہو۔

## مقدس لوقا 10:23

ہم آمد کے موسم میں ہیں۔ ہم ایک نیا چہرہ دیکھنے اور اس کی آواز سننے کی انتظار میں ہیں۔ جب ہم اسے دیکھیں گے تو برکت پائینگے۔ وہ سب خدا کی قربت میں ہونگے جو بیٹے کی آواز سنتے اور اس کا چہرہ دیکھتے ہیں

رومیوں 10:9-18 زبور18

## مقدس متی 4:18-22

## میری پیروی کرو۔ مقدس متی4:19

وہ ماہی گیر تھے یسوع کی پیروی کرنے کے لیے انہوں نے اپنی کشتیاں اور جال پیچھے چھوڑے دیئے۔ جو بھی ان کی ملکیت اور کاروبار تھا چھوڑ دیا۔کون جانتا ہے کہ انہیں یسوع سے کتنا پیار ہوگا کہ وہ جلدی سے اس کے پیچھے دوڑے۔جیسے جب کسی سے محبت ہو جاتی ہےتو وہ اُس کے لئے اپنا سب کچھ قربان کردیتا ہے۔اندریاس اپنے بھائی کےسبب سےنہیں بلکہ یسوع کی واحد محبت کےسبب سے اس کے پیچھے ہولیا۔